فلوک لوکساسِیلین دوائی کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں نے ابھی اپنے فلوک لوکساسیلین [Flucloxacillin] کیپسول کے اوپر لکھا پڑھا کہ اس میں [Gelatin] خنزیر کی چربی ہے یہ ایک درد والے انفیکشن کو دور کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے کیا اسے کھانا جائز ہے کیونکہ یہ ایک دوائی ہے؟

سائل: مسٹر محسن فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اس دوائی کو کھانا ناجائز ہے کیونکہ اس میں خنزیر [Pig] کی چربی [Gelatin] ہے۔ خنزیر پورے کا پورا حرام اور نجس ہے لہٰذا اس دوائی کو چھوڑ کر کوئی اور دوائی استعمال کی جائے۔ مارکیٹ میں سینکڑوں طرح کی Pain killer ادویات موجود ہیں۔ اگر یہی دواء استعمال کرنی ہو تو یہی میڈیسن خنزیر کی چربی کے بغیر بھی مل جاتی ہے اس کا نام فلوک لوکساسیلین سسپنشن [Flucloxacillin suspension] ہے۔ جبکہ خنزیر پورے کا پورہ حرام اور نجس ہے اللہ تعالی خنزیر کے بارے میں قرآن میں فرماتا ہے کہ۔ **لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ**- بد جانور کا گوشت حرام ہے کہ وہ نجاست ہے۔

[سورۃ الانعام: ۱۴۵]

خنزیر نجس العین ہے اور اس کا ہر جز [Part] حرام اور نجس ہے فقہی حنفی کی مشہور کتاب ہدایہ میں ہے کہ " **بِخِلَافِ الْخِنْزِيرِ لِأَنَّهُ نَجِسُ الْعَيْنِ ، إذْ الْهَاءُ فِي قَوْله تَعَالَى { فَإِنَّهُ رِجْسٌ } مُنْصَرِفٌ إلَيْهِ لِقُرْبِهِ" خنزیر سارے کا سارہ نجس ہے کہ اللہ عزوجل کے فرمان میں ضمیر خنزیر کی طرف راجع ہے اس کے قریب ہونے کی وجہ سے۔**

[الھدایہ باب الماء الذی یجوز بہ الوضو۔۔ ج ا ص ۱۲۵]

ھدایہ کی شرح عنایہ میں ہے **کہ" فَغَيْرُ اللَّحْمِ دَائِرٌ بَيْنَ أَنْ يَحْرُمَ وَأَلَّا يَحْرُمَ فَيَحْرُمُ احْتِيَاطًا وَذَلِكَ بِرُجُوعِ الضَّمِيرِ إلَى الْمُضَافِ إلَيْهِ" خنزیر کے گوشت کے علاوہ اس کی ہر چیز حرام ہونے اور حرام نہ ہونے میں دائر ہے یعنی**

دونوں کااحتمال ہے لیکن احتیاطاً خنزیر کی ہر چیز حرام قرار دی جائے گی کیونکہ فانہ رجس کی ضمیر اس کی طرف لوٹ رہی ہے۔

[العنایہ شرح ھدایہ باب الماء الذی یجوز بہ الوضو۔۔ج ا ص ۱۲۷]

فتاوی ہندیہ میں ہے۔"اما الخنزير فجميع اجزائه نجسة" خنزیر کے تو سارے اجزاء ناپاک ہیں۔

["الفتاوى الهندية" كتاب الطهارة، الباب الثالث في المياه، الفصل الثاني، ج١، ص٢٤]

بہار شریعت میں ہے کہ سُور کا گوشت اور ہڈّی اور بال اگرچہ ذبح کیا گیا ہو یہ سب نَجاستِ غلیظہ ہیں۔

[بہار شریعت حصہ ۲ ج ا ص ۳۹۱]

جب خنزیر کی ہر چیز نجس وحرام ہے تو اس کی چربی بھی حرام اور جس چیز میں خنزیر کی کوئی چیز مل جائے گی وہ بھی حرام و نجس۔ بلکہ ملنا تو دور کی بات ہے اس کی کوئی چیز کسی مائع کو چھو بھی جائے تو وہ نجس ہو جاتا ہے۔

جیساکہ فتاوی ہندیہ میں ہے کہ "وان كان نجس العين كالخنزير فانه يتنجس وان لم يدخل فاه " اگر کوئی نجس العین چیز جیسے خنزیر پانی میں گر جائے تو پانی نجس ہو جائے گا اگرچہ وہ فوراًاُس سے جدا کر لیا جائے اس کا منہ پانی میں نہ پڑا ہو۔

["الفتاوى الهندية"، كتاب الطهارة، الباب الثالث في المياه، الفصل الأول، ج١، ص١٩]

اگر شراب کو دوائی میں ملایا گیا ہو اور غلبہ ظن ہو کہ اس سے شفاء ہو جائے گی اور اس کے بدلے کوئی اور دواء بھی نہ ہو تو ہمارے کچھ علماء نے اس دواء کے بارے میں تو حکمِ جواز دیا مگر خنزیر کو اس حالت میں بھی مستثنیٰ فرمایا۔

جیساکہ ردالمحتار میں ہے کہ "وَنَقَلَ الْحَمَوِيُّ أَنَّ لَحْمَ الْخِنْزِيرِ لَا يَجُوزُ التَّدَاوِي بِهِ وَإِنْ تَعَيَّنَ" **امام حموی نے نقل کیا کہ خنزیر کے گوشت سے بنائی ہوئی دواء استعمال کرنا ناجائز ہے اگرچہ اس میں شفاء کا غلبہ ظن متعین ہو جائے۔**

[ردالمحتار باب فروع تداوی بالمحرم ج۲ ص۱۱۸]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Question:

What is the verdict of the Learned Scholars of the Sacred Sharī'ah regarding the following issue; I have just read on the package of the Flucloxacillin capsule that it contains gelatine (pig fat). Is it allowed to consume this capsule as it is an antibiotic that works against infections?

Questioner: Amir Attari Derby England

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

It is not permissible to consume this medication because it contains gelatine (pig's fat). The pig in its entirety is Najis (impure), for this reason leaving this medication, any other medication should be used. There are numerous types of pain killers available in the market. If this particular medication has to be taken, then it is also available in a form that is without gelatine, its name is Flucloxacilin suspension.

Whereas pig in it's entirety is is Harām and Najis (impure).

Almighty Allah ﷻ states:

"The flesh of swine, for it is indeed filth."

(Sura Al Anaam verse 145)

The swine (pig) is impure and Najas al-'Ain (absolutely impure in it's entirety) and every part of it is forbidden and impure.

It is mentioned in the famous book of Hanafī Fiqh al-Hidāyah:

"The entire swine (pig) is impure, because in the divine injucture of Almighty Allah ﷻ the pronoun [it] points back to the pig because of it being close [in mention]."

(Al Hidāyah Bāb Al Mā'ul Ladī Yajūzu Bihil Wudū vol 1 page 125)

It is mentioned in 'Ināyah (the commentary of Hidayah):

"Besides the flesh of the pig every other aspect of it revolves between being harām and not harām (forbidden) i.e. there is possibility of both situations, but due to caution every part of it has been mentioned as harām as the pronoun in **'it is indeed filth'** returns back to the thing being annexed to [in: **'flesh of swine'**] ."

(Al 'Ināyah Shar Hidāyah Bāb Al Mā'ul Ladhī Yajūzu Bihil Wudū vol 1 page 127)

It is mentioned in Fatāwā Hindiyyah:

"Every part of the pig is impure."

(Al-Fatāwā Al Hindiyyah, Kitāb al-Tahārah Bāb al-Thālith fil Mi'a Al Fasl al-Thāni vol 1 page 24)

It is mentioned in Bahāre Sharī'ah:

"The flesh, bones and the hair of the pig, even if it is slaughtered, all are major impurities."

(Bahāre Sharī'at part 2 vol 1 page 913)

When every part of the pig is impure and forbidden, then its fat or tissue is also forbidden and that in which any part of the pig is included in is also forbidden. Let alone mixing it, if any part of it touches any liquid then that liquid becomes impur, just as it is stated in Fatāwā Hindiyyah:

"If any completely impure thing such as a pig falls into the water, then the water becomes impure, even if it were to be removed immediately and it's mouth were did not touch the water."

(Al Fatāwā Al Hindiyyah, Kitāb al-Tahārah Bāb al-Thālith fil Mi'aa Al Faslul Awwal vol 1 page 19)

If alcohol is mixed in a medication and there is preponderant opinion that one will be cured and besides this medication there is no other medication available, then some of our scholars in this case have permitted it but they excluded the pig from this scenario. Just as it is mentioned in Radd al-Muhtār:.

Imam Hamawī رحمة الله عليه relates that it is not permissible to use the flesh of the pig in medication even though there is likely to be a cure.

(Radd al-Muhtār Bāb Furū' Tadāwi bil Muhrim vol 2 page 118)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Abu al-Hasan Muhammad Qāsim Ziā al-Qādirī

Translated